# 18-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔جاپان کی اے آئی فرسٹ کلاڈ پلیٹ فارم کمپنی این ٹی ٹی ڈاٹا نے حیدرآباد میں ساڑھے دس ہزار کروڑ روپے کے سرمایہ سے اے آئی ڈاٹا سنٹر کلسٹر قائم کرنے کیلئے تلنگانہ حکومت سے مفاہمت کی ہے۔

۲۔وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ زمینوں کے نقشہ دستیاب رہنے پر ہی ان کا رجسٹریشن کیا جائے گا۔

۳۔ تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس سوجائے پال نے کہا کہ شوہر اور بیوی اور والدین و بچوں کے بیچ تنازعات حل کرنے کے لئے کمیونٹی کی سطح پر مذاکرات ہی ایک واحد حل ہے۔

اور

۴۔ تلنگانہ بھر میں عیسائی برادری نے آج گوڈ فرائی ڈے منایا۔عیسیٰ مسیح کی قربانی کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔

NHAI:

وزارتِ روڈ ٹرانسپورٹ و ہائی ویز نے وضاحت کی ہے کہ ملک بھر میں یکم مئی سے سیٹلائٹ پر مبنی ٹولنگ نظام نافذ کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے۔بعض میڈیا اداروں نے یہ خبر دی تھی کہ یکم مئی 2025 سے سیٹلائٹ ٹولنگ نظام موجودہ فاسٹ ٹیگ سسٹم کی جگہ لے گا، جس کی وزارت نے تردید کی ہے۔وزارت نے مزید بتایا کہ این ایچ اے آئی نے منتخب مقامات پر اے این پی آر فاسٹ ٹیگ کی بنیاد پر بغیر رکاوٹ ٹولنگ نظام کے لیے بولیاں طلب کی ہیں۔اس کے نتائج کی بنیاد پر ملک گیر سطح پر اس نظام کو نافذ کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔

EAPCET:

تلنگانہ انجینئرنگ، ایگریکلچر اور فارمیسی کامن انٹرنس ٹیسٹ (ٹی جی ای اے پی سی ای ٹی)2025 کے ہال ٹکٹ میں اب کیو آر کوڈ شامل ہوگا جو طلبہ کو امتحانی مراکز تک رہنمائی فراہم کرے گا۔طلبہ کو صرف ہال ٹکٹ پر دئے گئے کیو آر کوڈ کو اسمارٹ فون سے اسکین کرنا ہوگا جس سے گوگل میپس میں ان کا امتحانی مرکز کھل جائے گا۔اے ایم اور انجینئرنگ کے ہال ٹکٹ بالترتیب 19 اپریل اور 22 اپریل سے ویب سائٹ https://eapcet.tsche.ac.in سے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔ امتحانات 29 اور 30 اپریل (اے ایم اسٹریم) اور 2 تا 4 مئی (انجینئرنگ) کو ہوں گے۔

KTR:

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی راما راؤ نے وزیرِاعظم نریندر مودی سے مطالبہ کیا ہے کہ کانچہ گچی باؤلی کی زمین کو رہن رکھ کر کی گئی مبینہ مالی و ماحولیاتی دھوکہ دہی کی تحقیقات کے لئے مرکزی سطح پر تفتیش شروع کی جائے۔ کے ٹی آر نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر وزیراعظم کے حالیہ بیان کا خیر مقدم کیا جس میں انہوں نے کانچہ گچی باؤلی کے جنگلات کی تباہی پر تشویش کا اظہار کیا تھا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ یہ معاملہ نہ صرف ماحولیاتی سانحہ ہے بلکہ تقریباً 10 ہزار کروڑ روپے کی مالی دھوکہ دہی بھی ہے و مبینہ طور پر کانگریس حکومت کے دور میں ہوئی۔

MLA:

تلنگانہ حکومت کے وہپ اور آلیرو کے ایم ایل اے، بی ایلیا نے ضلع یادادری بھونگیر کے کولنپکا گاؤں میں متعدد ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے آلیرو سے کولنپکا تک 4.5 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے پل کا افتتاح کیا۔ ساتھ ہی انہوں نے کولنپکا سے جین مندر تک سڑک کی توسیع اور سینٹرل لائٹنگ کے منصوبے کا بھی آغاز کیا، جس پر 18 کروڑ روپے کی لاگت آئی۔

ADD MINISTERS:

وزیر پونگولیتی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ آبادی زمینوں کے لئے لینڈ ٹائٹل کارڈ جاری کئے جائیں گے اور رجسٹریشن صرف ان زمینوں کی ہوگی جن کے نقشے دستیاب ہوں گے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ 6 ہزار سروے کرنے والے عہدیداروں زمینوں کی پیمائش کے لئے تیار کیا جا رہا ہے اور لینڈ ٹریبونلز پرانے اضلاع کی بنیاد پر قائم کئے جائیں گے۔

PADDY:

نرسم پیٹ کے ایم ایل اے ڈی مادھور یڈی نے ضلع ورنگل کے گوٹلاکونڈا گاؤں میں خواتین کی خود امدادی گروپ کے زیر انتظام گائتری دھان کی خریدی مرکز کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کسانوں سے اپیل کی کہ وہ درمیانی لوگوں کے دھوکہ میں نہ آئیں اور یقین دلایا کہ حکومت ان کی پیداوار کا ایک ایک دانہ خریدے گی۔

RANK:

مرکزی حکومت کے ''ایسپریشنل بلاکس پروگرام'' کے تحت نرمل ضلع کے پیمبی بلاک نے اکتوبر تا دسمبر 2024 کی سہ ماہی میں قومی سطح پر چوتھی اور زون 3 میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ ضلع کلکٹر ابھیلاش ابھیناؤ کے مطابق، ایک کروڑ روپے کا انعام اس بلاک کو دیا گیا ہے۔ یہ رینکنگ تعلیم، صحت، غذائیت، زراعت، سماجی ترقی، اور بنیادی ڈھانچے جیسے 40 شعبوں میں کارکردگی کی بنیاد پر دی گئی ہے۔

SLBC:

ناگر کرنول ضلع کے دوملا پنٹا کے قریب ایس ایل بی سی سرنگ میں ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ خصوصی آفیسر ایل شیوا شنکر نے اس ضمن میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سینئر عہدیداروں اور ریسکیو ٹیموں کے ساتھ منعقد کیا۔ انہوں نے کہا کہ بڑے پتھر ہٹائے جارہے ہیں اور ٹنل حادثہ کے ڈی ٹو سیکشن کے پاس کھدائی کا کام کیا جارہا ہے۔ کنویئر بیلٹ کی مدد سے کھدائی میں نکلنے والی مٹی کو ٹنل کے باہر منتقل کیا جارہا ہے۔ شیوشنکر نے مزید بتایا کہ الٹرا تھرمل کٹر کی مدد سے ٹی بی ایم اسٹیل کے اجزا کو کاٹا جارہا ہے اور لوکو ٹرین کے ذریعہ اسے باہر منتقل کیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ سائٹ سے پانی نکالنے کا عمل بھی جاری ہے۔

JEE:

جوائنٹ انٹرنس اگزامنیشن جے ای ای مینس 2025 ء کا نتیجہ کل جاری کیا جائے گا۔ نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ جے ای ای مینس 2025 ء سیشن ٹو کی فائنل آنسر کی جے ای ای کی ویب سائٹ پر دستیاب رہے گی۔

AIRPORT:

ایرپورٹس کونسل انٹرنیشنل اے سی آئی کے پروگرام ایرپورٹ کاربن اکریڈیشن اے سی اے کے تحت حیدرآباد ایرپورٹ کو لیول فائی اکریڈیشن حاصل ہوا ہے۔ کاربن کے اخراج میں کمی اور ایرپورٹ سرگرمیوں کے جائزہ کیلئے اے سی اے پروگرام بنایا گیا ہے۔ اس حصولیابی سے حیدرآباد ایرپورٹ اے سی آئی ایشیاء پیسفک اور مشرق وسطیٰ خطہ میں چار سرکردہ ایرپورٹس کی فہرست میں شامل ہوگیا ہے۔ یہ کامیابی اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ ایرپورٹ عالمی ماحولیاتی اہداف کے مطابق عمل کررہا ہے۔ جی ایم آر حیدرآباد انٹرنیشنل ایرپورٹ لمیٹڈ نے ایک بیان میں یہ بات بتائی۔

CM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے جاپان کی کمپنیوں سے تلنگانہ میں سرمایہ کاری کرنے پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ اس وقت جاپان کے دورہ پر ہیں اور انہوں نے انڈیا۔ جاپان اکنامک پارٹنر شپ روڈ شو میں حصہ لیا۔ تلنگانہ رائزنگ کے وفد نے ہوٹل امپریئل ٹوکیو میں ایک اعلیٰ سطح کا سرمایہ داری کیلئے روڈ شو کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں جاپان کے کاروباری شعبہ سے ڈیڑھ سو سے زیادہ شرکاء نے شرکت کی۔ اس دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے جاپانی سرمایہ کاروں اور کاروباری اداروں سے کہا کہ وہ تلنگانہ میں اپنا سرمایہ مشغول کریں۔ وزیراعلیٰ نے شرکاء کو یقین دلایا کہ حکومت انہیں عالمی سطح کا انفراسٹرکچر باہنر افراد اور آسان تجارتی پالیسی فراہم کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت مختلف شعبوں جیسے لائف سائنس، جی سی سی، الکٹرانکس، ای وی، الکٹرانک اسٹوریج، ٹکسٹائل، فوڈ پراسیسنگ، اے آئی ڈاٹا سنٹر اور لاجیسٹک پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔

HCJ:

تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ،جسٹس سوجائے پال نے کہا کہ شوہر اور بیوی اور والدین و بچوں کے بیچ تنازعات حل کرنے کے لئے کمیونٹی کی سطح پر مذاکرات ہی ایک واحد حل ہے۔ چیف جسٹس نے آج ہنمکنڈہ میں لیگل سرویس اتھاریٹی کی جانب سے نشاندہی کردہ کمیونٹی مذاکرات کار کے لئے تین روزہ تربیتی پروگرام کا افتتاح کیا۔جسٹس سوجائے پال میں کمیونٹی کے بڑے افراد سے کہا کہ وہ معاشرہ کو پرامن بنانے میں اور لوگوں کے بیچ تنازعات کو حل کرنے میں اہم رول ادا کرسکتے ہیں۔اس موقع پر چیف جسٹس نے کیرالا اور مدھیہ پردیش میں اس نوعیت کی کاوشوں کا حوالہ دیا۔

GOOD FRIDAY:

تلنگانہ بھر میں عیسائی برادری نے آج گوڈ فرائی ڈے منایا۔عیسیٰ مسیح کی قربانی کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔ ریاست کے مختلف گرجا گھروں میں خصوصی دعائیہ تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔حیدرآباد اور سکندرآباد کے مختلف چرچوں میں بھی بڑی تعداد میں عقیدتمندوں نے شرکت کی۔اس دوران حضرت عیسیٰ مسیح کو صلیب پر چڑھانے کے عمل کو پیش کیا گیا۔

WAVEs:

ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ 2025ء کی پہل پرانیٹی پیرسی چیالنج میں حیدرآباد کے اسٹارٹ اپ ایٹم اسٹیٹ سمیت دیگر چھ ادارہ فائنل میں پہنچے ہیں۔ مانک ڈی بی اسٹارٹ اپ کے بانی کرشنا کانت چندانے اپنے والدسی وینکٹ سبرامنیم کے ہمراہ کونٹر پیرسی کے لئے آرٹیفیشل انٹلیجنس پر مبنی خیال پیش کیا تھا۔انھوں نے ہمارے نمائندہ کو بتایا کہ تکنالوجی کی مدد سے پیرسی کے مسئلہ سے فوری طور پر نمٹا جاسکتا ہے۔

Sound Byte

NTT DATA:

ہندوستان کے آئی انفرااسٹرکچر کو مہمیز دینے کیلئے ڈیجیٹل ٹرانسفرمیشن اور آئی ٹی سرویس میں گلوبل لیڈر این ٹی ڈاٹا اور اے آئی فرسٹ کلاٹ پلیٹ فارم کمپنی نیسانٹ ورکس نے حکومت تلنگانہ کے ساتھ حیدرآباد میں 10 ہزار 500 کروڑ روپے کے بھاری سرمایہ سے اے آئی ڈاٹا سنٹر کلسٹر کیلئے ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے ہیں۔ٹوکیو میں آج منعقدہ ایک اعلیٰ سطح کے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی موجودگی میں اس ایم او یو پر دستخط کئے گئے۔اس موقع پر این ٹی ڈاٹا اور نیسانٹ ورکرس کی اعلیٰ قیادت سمیت دیگر کاروباری شخصیات موجود تھی۔

OO